[illegible]

الحمد لله که [illegible] بفضل خداوند [illegible]

[illegible]

[illegible]

بصحت و اهتمام [illegible] السلام

در مطبع مجتبائی [illegible]

ودعا الخلق ونور العالم بنور الايمان واليقين ولما كان الحكمة في

اور خلقت کو اسلام کی طرف بلایا اور عالم ایمان اور یقین کے نور سے روشن کر دیا اور چونکہ حضرت مصطفی صلی اللہ

بعثته صلى الله عليه وسلم هداية الخلق وتتميم مكارم الاخلاق وتكميل

علیہ وسلم کی بعثت میں یہی حکمت تھی کہ خلقت کو ہدایت ہووے اور نیک اخلاق پورے ہو جاویں اور دین کی

مباني الدين فحين حصل هذا الامر وتم هذا المقصود رفعه الله تعالى

بنیاد کامل ہو جاوے پھر جب یہ امر حاصل ہو لیا اور یہ مقصود پورا ہو گیا تو انکو اللہ تعالی نے

اليه في اعلى عليين وتوفاه الله وهو ابن ثلث وستين صلى الله عليه

اپنی طرف اعلی علیین میں اٹھا لیا اور اللہ نے انکو وفات دی اور وہ تریسٹھ برس کے تھے صلی اللہ علیہ

وسلم وعلى اله وصحبه واتباعه واحزابه اجمعين. في هذا الباب

وسلم اور رحمت ہو انکی آل اور اصحاب اور اتباع اور احزاب سب پر اور یہ دوسرا

الثاني في وفاته صلعم ونذكر فيه ما جاء من الاخبار في

باب حضرت صلعم کی وفات میں ہے اور ہم اسمیں وہ اخبار بیان کرینگے جو اسکے

اوله واخره والله الموفق ومما وقع قبل مرضه بشهر ما روى عن ابن

اول اور آخر کے حال میں آئی ہیں اور اللہ توفیق دینے والا ہے اور آنحضرت صلعم کے مرض سے ایک مہینہ پہلے جو کچھ واقع ہوا تو وہ یہ ہے جو ابن مسعود

مسعود رض قال نعى لنا نبينا وحبيبنا صلى الله عليه وسلم قبل موته بشهر

روایت ہے کہ کہا ہے انہوں نے کہ ہمارے نبی اور حبیب مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے ایک مہینہ پہلے خبر دی

هو بابي وامي ونفسي له الفداء فلما دنى الفراق جمعنا في بيت امنا عائشة

باپ میرا فدا ہووے اور میری جان آنحضرت پر وفات کی خبر سنادی تھی جب جدائی کا وقت نزدیک آیا تو ہمکو ام المؤمنین عائشہ کے گھر میں

وتشدد لنا فقال مرحبا بكم وحياكم الله بالسلام رحمكم الله حفظكم

جمع کیا اور فرمایا تمکو مرحبا اور خدا تمکو سلامتی سے زندہ رکھے تمکو خدا رحمت کرے اللہ تمکو محفوظ رکھے

جبركم الله رزقكم الله رفعكم الله آواكم الله وقاكم الله واوصيكم بتقوى الله

اللہ تمہاری شکستہ حالی کو جوڑے اور تمکو اللہ رزق دیوے اور بلند کرے اور تمکو پناہ دیوے اور بچاوے میں تمکو خدا سے ڈرنے کی وصیت

اوصي بكم واستخلفه عليكم واحذركم اني لكم نذير مبين ان لا تعلوا

میں تمکو وصیت کرتا ہوں اور اسکو تم پر خلیفہ کرتا ہوں اور تمکو ڈراتا ہوں میں تمہارے واسطے ظاہر ڈرانیوالا ہوں کہ اللہ پر

على الله في عباده وبلاده فانه قال لي ولكم تلك الدار الاخرة

اسکے بندوں اور شہروں میں تکبر نہ کرو کیونکہ اسنے میرے اور تمہارے حق میں فرمایا ہے یہ آخرت کا گھر